کاروانِ احرار منزل بہ منزل

ابن امیر شریعت، قائد احرار، سید عطاء المحسن بخاری

حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری اور مولانا محمد اسحٰق سلیمی کا اجتماعات احرار ضلع رحیم یار خان سے خطاب

گزشتہ ماہ مجلس احرار اسلام ضلع رحیم یار خان کے زیر اہتمام پینتیسویں سالانہ اجتماعات احرار کا انعقاد کیا گیا۔ یہ سترہ روزہ اجتماعات ۲۶ نومبر ۹۷ء سے شروع ہو کر ۱۳ دسمبر ۱۹۹۷ء کو اختتام پذیر ہوئے۔ مجلس احرار اسلام ضلع رحیم یار خان کے رہنماؤں محترم چودھری گلزار احمد، صوفی محمد اسحٰق، مرزا عبدالقیوم بیگ، چودھری بشارت علی، مولانا ابو معاویہ فقیر اللہ، مولوی بلال احمد، حافظ محمد عباس، مرزا محمد واصف، حافظ محمد اشرف، محمود شاکر، اصغر علی اور قاری ظہور رحیم نے ان اجتماعات کو ہر اعتبار سے کامیاب بنانے کیلئے انتھک محنت کی۔

جن علاقوں میں یہ تبلیغی و اصلاحی اجتماعات منعقد ہوئے ان کی تفصیل درج ذیل ہے۔ چوک رازی خانپور، بدلی شریف، غازی پور، بستی اسلام آباد، قیصر چوبان، بستی مولویاں، مسجد ختم نبوت صادق آباد، چاہ رانجھے والا، بستی درخواست، بستی خانواہ، بستی نوحانیاں، چک نمبر ۱۲ خانپور، چک نمبر ۱۴، خانپور، مرکزی جامع مسجد قادریہ رحیم یار خان شہر، بستی سہجہ خانپور اور اوچ شریف۔

قائد احرار سید عطاء المحسن بخاری مدظلہ، حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری اور مولانا محمد اسحٰق سلیمی نے ان اجتماعات میں خطاب کیا جبکہ حافظ محمد اکرم صاحب نے نعتِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم سنا کر سامعین کے قلوب کو منور کیا۔

احرار رہنماؤں نے عقیدۂ توحید، منصب ختم نبوت، سیرت رسول صلی اللہ علیہ وسلم، سیرت صحابہ کرام رضی اللہ عنہم، مسئلہ حیات النبی صلی اللہ علیہ وسلم اور ملک کی تازہ ترین سیاسی و اقتصادی صورت حال پر مفصل گفتگو فرمائی۔

مجلس احرار اسلام کے رہنما ملک بھر میں تبلیغ دین کا فریضہ پوری قوت و استقامت کے ساتھ ادا کر رہے ہیں اور ان اجتماعات کے انعقاد سے مسلمانوں کے عقائد و افکار کی اصلاح بھی ہوتی ہے۔ الحمدللہ

علاوہ ازیں حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری دامت برکاتہم نے لیاقت پور اور احمد پور شرقیہ میں

قاری ظہور رحیم صاحب، رانا محمد اسلم صاحب، سید محمد ارشد بخاری ایڈووکیٹ، محمد جاوید خان اور دیگر کارکنان احرار سے انفرادی ملاقاتیں کیں اور انہیں تنظیمی کارکردگی مزید بہتر بنانے کی تاکید بھی فرمائی۔

حضرت پیر جی مدظلہ مدرسہ مخزن العلوم خانپور میں بھی تشریف لے گئے۔ حضرت مولانا فضل الرحمن درخواستی کے علاوہ مدرسہ کے اساتذہ وطلباء نے حضرت سے ملاقات کی اور نہایت اکرام فرمایا۔

حضرت قائد احرار سید عطاء المحسن بخاری دامت برکاتہم بہاولپور گھلواں بھی تشریف لے گئے۔ یہاں حضرت حاجی پیر بخش صاحب مرحوم کے خاندان کے افراد سے حضرت نے ملاقات کی اور انہیں جماعت کی دینی خدمات میں تعاون کی تلقین فرمائی۔ یہ خاندان تقسیم ہند سے قبل ہی حضرت امیر شریعت رحمہ اللہ کی محبتوں کا اسیر ہوا اور ہمیشہ ان کا میزبان رہا۔ آج بھی یہ خاندان اس علاقہ میں خاندانِ امیر شریعت کا میزبان ومعاون ہے۔

الحمدللہ ان اجتماعات میں بہت کامیابیاں حاصل ہوئیں، اللہ تعالیٰ ہماری یہ محنت قبول فرمائے (آمین) احرار رہنماؤں کے تبلیغی اسفار مسلسل جاری ہیں۔

حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری مدظلہ، بھل ضلع بھکر، گوجرانوالہ، پسرور اور لاہور بھی تشریف لے گئے۔ تنظیمی صورت حال کا جائزہ لیا اور مقامی قیادت کو ہدایات دیں۔

ماہنامہ نقیبِ ختمِ نبوت کے مدیر سید محمد کفیل بخاری نے کنڈ احمد حسن (ضلع لودھراں) موضع عزیز قہم (ضلع وھاڑی) اور مدرسہ معمورہ، موضع چھینہ ضلع وہاڑی میں مختلف اجتماعات سے خطاب کیا جبکہ ۲۸ نومبر کو ملتان میں ابن قاسم باغ قلعہ کہنہ پر سپاہ صحابہ پاکستان کے ایک بہت بڑے اجتماع سے خطاب کیا۔

مرکزی احرار رہنما مولانا محمد اسحٰق سلیمی اور جناب عبد اللطیف خالد چیمہ نے لاہور کا تین روزہ دورہ کیا۔ اپنے قیام کے دوران احرار رہنماؤں نے مختلف احباب سے ملاقاتیں کیں اور تنظیمی صورت حال کا جائزہ لے کر کارکنوں کو ہدایات دیں۔ دونوں رہنماؤں نے دفتر احرار میں ہی قیام کیا اور زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے احباب سے ملاقاتیں کیں۔ احرار رہنماؤں نے قادیانیوں کی "میڈیا وار" کا بھی جائزہ لیا اور جوابی کارروائی کے لئے منظم منصوبہ بندی بھی طے کی۔